
منصبِ امامت

شاہ اسمٰعیل شہیدؒ



کتاب	:	منصب امامت
مصنف	:	حضرت شاہ اسماعیل شہیدؒ
مترجم	:	حکیم محمد حسین علوی
مطبع	:	حاجی حنیف اینڈ سنز لاہور
اشاعت چہارم	:	2008
اہتمام	:	محبوب الرحمٰن انور
قیمت	:	150/=

لیگل ایڈوائزر

قیصر زمان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور

ایکس انکم ٹیکس آفیسر

بی اے، ایل ایل بی، ایل ایل ایم (لندن)

ڈی۔ ای۔ ایل (پنجاب یونیورسٹی)

اور فرمایا :-

من احبّ ان ینظر عیسی ابن مریم فی زھدہ فلینظر الی ابی الدرداء	جو اس بات کی خواہش کرے کہ عیسیٰ بن مریمؑ کو اس کے زہد میں دیکھے تو وہ ابو درداءؓ کو دیکھ لے۔

مقامِ تفرید ان مقامات میں سے ایک تفرید ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

سیروا سبق المفردون قالوا و ما المفردون یارسول اللہ ﷺ قال الذین وضع الذکر عنھم اثقالھم۔	پھر و اور دیکھو کہ مفرد دل کیسے سبقت لے گئے پوچھا گیا یا رسول اللہ مُفرد کون لوگ ہیں؟ فرمایا وہ لوگ ہیں جن سے اللہ کے ذِکر نے (دُنیا کے) بوجھ دُور کر دیئے۔

مقامِ توکل مذکورہ کمالات میں سے ایک مقامِ توکل ہے چنانچہ ارشادِ نبوی ہے۔

سیدخل من امتی الجنۃ سبعون الفًا بغیر حسابٍ وجوھھم کالقمر لیلۃ البدر ھم الذین لا یسترقون ولا یتطیرون ولا یکتوون وعلی ربھم یتوکلون فقام عکاشۃ فقال یا رسول اللہ ادع اللہ ان یجعلنی منھم قال انت منھم۔	میری اُمت کے ستّر ہزار آدمی بغیر حساب کے جنّت میں جائیں گے۔ ان کے مُنہ چودھویں رات کے چاند جیسے ہونگے۔ یہ لوگ وُہ ہیں جو جھاڑ پھونک نہ کرائیں گے اور نہ جانوروں سے فال لیں گے اور نہ داغ لگائیں گے بلکہ اپنے پروردگار پر ہی بھروسا رکھیں گے۔ اِس پر حضرت عکاشہؓ کھڑے ہوئے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ